| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | مصوّتے/ مصمتے | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حروف تہجی کا اعادہ مصوتوں کا تعارف مصمتے کی پہچان کر سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حروف تہجی اُردو کے نظم کی دہرائی کروائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ حروف تہجی میں کچھ ایسے حروف ہوتے ہیں جن سے باقی حروف مل کر الفاظ بناتے ہیں۔<br>جیسے: ب ا- با بابا ان حروف کو مصوتے کہتے ہیں۔<br>''ا، و، ی، ے'' کو مصوتے کہتے ہیں (Vowels) بچوں کو بتائیں کے مصوتوں کے بغیر لفظ نہیں بن سکتا۔ مصوتوں کی کل تعداد چار ہے۔حروف تہجی کے باقی حروف کو مصمتے کہا جاتا ہے۔<br>تختہ سیاہ/سفید پر ا ، و ، ی ، ے ۔ بڑا بڑا لکھ کر بار بار اس کی آواز کی دہرائی کروایئے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ حروف کے آخر میں ان کی آواز مختلف ہوتی ہے۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>تختہ سیاہ/سفید پر لکیر کھینچ کر مصوتے اور مصمتے کا کالم بنائیں۔ بچوں میں حروف تہجی کے کارڈ تقسیم کریں۔<br>مصوتوں کے لیے بچے پاؤں سے فرش بجائیں گے اور مصمتے کے لیے میز بجائیں گے۔اب آپ کسی بچے کا نام لے کر کہیں گی۔<br>(مثال کے طور پر علی آپ کے پاس کون سا حرف ہے۔علی فلیش کارڈ اٹھا کر دکھائے گا۔اس کے پاس 'س' ہے۔ بچوں سے پوچھا جائے گا 'س' مصوتہ ہے یا مصمتہ۔اگر مصوتہ ہے تو پاؤں سے فرش بجائیں اور اگر مصمتہ ہے تو میز بجائیں، پھر آپ تختہ سیاہ/ سفید پر مصمتے کے نیچے 'س' لکھ دیں۔اس طرح تمام حروف کی مشق کروایئے۔ بچوں کو کتاب صفحہ 86 کھولنے کو کہا جائے گا۔ بچوں کے ساتھ مصمتے/ پڑھیئے بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی۔اور مصوتے میں مصوتوں پر لال رنگ سے دائرہ بنانے کہا جائے گا۔<br>**اختتامیہ:** حروف کے فلیش کارڈ دکھا کر مصوتے اور مصمتے پوچھیے۔ | 5 منٹ<br>10 منٹ<br>20 منٹ | فلیش کارڈ<br>کتاب صفحہ 86<br>ورک شیٹ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حروف تہجی کا اعادہ، مصوتوں اور مصمتوں کی پہچان کرنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | مصوتہ ' ا ' | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ<br>مصوتے/ مصمتے پہچان سکیں۔<br>' ا ' بطور مصوتہ پہچان سکیں۔<br>' ا ' (بطور آخری آواز) دوسرے حروف سے ملا کر پڑھ اور لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو مصوتوں اور مصمتوں کی دہرائی کروائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ مصوتے چار ہیں۔ (ا ، و ، ی ، ے ) آج ہم ' ا ' کو بطور مصوتہ دوسرے حروف کے ساتھ ملا کر دو حرفی الفاظ بنانا سیکھیں گے۔ دو حرفی الفاظ بنانے کے لیے ہم حروف کی آدھی اشکال کا استعمال کرتے ہیں۔ تختہ سیاہ/ سفید پر آدھی اشکال کا اعادہ کروایئے۔ حروف کو ' ا ' سے ملا کر تختہ سیاہ/سفید پر لکھیے۔<br>با پا تا ٹا ثا<br>جا چا حا خا<br>دا ڈا ذا را ڑا زا ژا<br>سا شا صا ضا طا ظا<br>عا غا فا قا کا گا لا ما<br>نا وا ہا یا | 5 منٹ<br><br>10 منٹ | فلیش کارڈ<br><br>ورک شیٹ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا ' ا ' بطور مصوتہ پہچان، آخری آواز اور حروف کے ساتھ ملا کر پڑھنے اور لکھنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | مصوتہ ’ ا ‘ | دن: | دوسرا |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- | --- |

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
| --- | --- | --- | --- | --- |
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ مصوتے/ مصمتے پہچان سکیں۔<br>’ ا ‘ بطور مصوتہ پہچان سکیں۔<br>’ ا ‘ (بطور آخری آواز) دوسرے حروف سے ملا کر پڑھ اور لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو مصوتوں اور مصمتوں کی دہرائی کروائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ مصوتے چار ہیں۔ (ا ، و ، ی ، ے ) آج ہم ’ ا ‘ کو بطور مصوتہ دوسرے حروف کے ساتھ ملا کر دو حرفی الفاظ بنانے کے لیے ہم حروف کی آدھی اشکال کا استعمال کرتے ہیں۔ تختہ سیاہ/سفید پر آدھی اشکال کا اعادہ کروایئے۔ حروف کو ’ ا ‘ سے ملا کر تختہ سیاہ/سفید پر لکھیے۔<br>با پا تا ٹا ثا<br>جا چا حا خا<br>دا ڈا ذا را ڑا زا ژا<br>سا شا صا ضا طا ظا<br>عا غا فا قا کا گا لا ما<br>نا وا ہا یا | 5 منٹ<br>10 منٹ | فلیش کارڈ<br>ورک شیٹ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا ’ ا ‘ بطور مصوتہ پہچان، آخری آواز اور حروف کے ساتھ ملا کر پڑھنے اور لکھنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | مصوتہ ' ا ' | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ<br>مصوتے/ مصمتے پہچان سکیں۔<br>' ا ' بطور مصوتہ پہچان سکیں۔<br>' ا ' (بطور آخری آواز) دوسرے حروف سے ملا کر پڑھ اور لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو مصوتوں اور مصمتوں کی دہرائی کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا ' ا ' بطور مصوتہ پہچان آخری آواز اور حروف کے ساتھ ملا کر پڑھنے اور لکھنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ مصوتے چار ہیں۔ (ا ، و ، ی ، ے ) آج ہم ' ا ' کو بطور مصوتہ دوسرے حروف کے ساتھ ملا کر دو حرفی الفاظ بنانے کے لیے ہم حروف کی آدھی اشکال کا استعمال کرتے ہیں۔ تختہ سیاہ/سفید پر آدھی اشکال کا اعادہ کروایئے۔ حروف کو ' ا ' سے ملا کر تختہ سیاہ/سفید پر لکھیے۔ | 10 منٹ | | |
| | با پا تا ٹا ثا | 20 منٹ | | |
| | جا چا حا خا | | | |
| | دا ڈا ذا را ڑا زا ژا | | ورک شیٹ | |
| | سا شا صا ضا طا ظا | 5 منٹ | | |
| | عا غا فا قا کا گا لا ما | | | |
| | نا وا ہا یا | | | |
| | **مرکزی سرگرمی:** | | | |
| | **اختتامیہ:** | | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | مصوتہ ' ا ' | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| | دوحرفی الفاظ کی پڑھائی کروایئے اور بتایئے کہ' ا' جب حروف سے ملتا ہے تو تھوڑی لمبی آواز دیتا ہے آواز لمبی کروانے کی سرگرمی کروایئے۔ بولیے باااا۔۔۔۔۔۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو کتاب صفحہ 87 کھولنے کو کہیے بچوں کو حروف' ا' کے ساتھ جوڑ کر پڑھنے کی مشق کروایئے۔ آخر کی آواز پر زور دیجیے۔<br>کتاب صفحہ 88 کھولیے اور بچوں سے کہیے کہ پہلے ہم نے حروف کی آدھی اشکال کو' ا' سے ملا کر دوحرفی الفاظ بنانا سیکھے۔ ہم ان دوحرفی الفاظ کے توڑ کریں گے۔ بچوں کو بتائیں توڑ کرتے وقت ہم حروف کی آدھی شکل ہی استعمال کریں گے۔ تختہ سیاہ/سفید پر<br>تا پا چا کا خا ضا ما<br>نا شا لا لکھیں۔ بچوں سے کہیے کہ وہ آپ کی نقل کرتے ہوئے کتاب میں ان حروف کے توڑ لکھیں۔<br>ت ۔ ا ۔ پ ۔ ا چ ۔ ا ۔ وغیرہ<br>**اختتامیہ:**<br>حروف کو' ا' سے جوڑ کر پڑھنے کی مشق کروایئے۔ | 20 منٹ<br>5 منٹ | کتاب صفحہ<br>88,87 | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | مصوتہ ' و ' | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ<br>مصوتے/ مصمتے پہچان سکیں۔<br>' و ' بطور مصوتہ پہچان سکیں۔<br>' و 'بطور آخری آواز دوسرے حروف سے ملا کر پڑھ اور لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>مصوتہ ' ا ' کو حروف کے ساتھ ملا کر دوحرفی الفاظ پڑھائے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ حروف تہجی میں چار مصوتے ہیں (Vowels) آج ہم 'و' کو بطور مصوتہ دوسرے حروف کے ساتھ ملا کر دوحرفی الفاظ بنانا سیکھیں گے۔'و' کی آواز (ہ) کی دہرائی کروائی جائے گی۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ 'و' جب لفظ کے شروع میں آتا ہے تو اس کی آواز مختلف ہوتی ہے۔ جب درمیان اور آخر میں آتا ہے تو اسکی آواز 'ہ' کی ہوتی ہے۔ بچوں سے پوچھیے کہ ہم دوحرفی الفاظ بنانے کے لیے حروف تہجی کی کون کون سی اشکال استعمال کرتے ہیں۔ بڑی یا آدھی۔ حروف کو ' و ' سے ملا کر تختہ سیاہ/سفید پر لکھیے۔<br>بو پو تو ٹو ثو<br>جو چو حو خو<br>دو ڈو ذو رو ڑو زو ژو<br>سو شو صو ضو طو ظو<br>عو غو فو قو کو گو<br>لو مو نو ہو یو<br>دوحرفی الفاظ کی پڑھائی کروایئے اور بتایئے کہ مصوتہ 'و' بھی جب کسی حرف سے ملتا ہے تو تھوڑی لمبی آواز دیتا ہے۔ لمبی آواز کی سرگرمی کروایئے بولیے بو و و و ------- | 5 منٹ<br><br><br><br>10 منٹ | فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا 'و' بطور مصوتہ پہچان آخری آواز اور حروف کے ساتھ ملا کر پڑھنے اور لکھنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | مصوتہ ' و ' | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| | **مرکزی سرگرمی**<br>بچوں کو صفحہ 89 کھولنے کو کہیے۔حروف کو' و' کے ساتھ جوڑ کر پڑھنے کی مشق کروایئے آخر کی آواز پر زور دیجیے۔<br>کتاب صفحہ 90 کھولیے۔بچوں کو بتایئے کہ یہاں پر ہم دو حرفی ' و' کے الفاظ جوڑ کے توڑ لکھنا سیکھیں گے۔<br>تختہ سیا/سفید پر لکھیے۔<br>ب +و بو ت +و تو<br>**نوٹ:**<br>بچوں کو بتایئے کہ جب ہم حروف کو' و' کے ساتھ ملاتے ہیں تو حروف ہوا میں لکھے جاتے ہیں۔جیسا کہ ہوا میں ب کی آدھی شکل بنائیں۔<br>ایک نقطہ لگائیں۔اب آدھی شکل جہاں ختم ہو رہی ہے وہاں سے 'و' بنا کر 'و' کو لائن پر بٹھائیں۔<br>**اختتامیہ:**<br>حروف کو' و' سے جوڑ کر پڑھنے کی مشق کروایئے۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی میں چسپاں ورک شیٹ میں دو حرفی الفاظ کو ملایئے۔<br>**نوٹ:**<br>کاپی بھی تیار کی جاسکتی ہے۔ | 20 منٹ<br><br><br><br><br><br><br><br><br>5 منٹ | فلیش کارڈ<br><br>صفحہ نمبر<br>90,89<br><br><br><br><br>ورک شیٹ<br>کاپی ورک | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | مصوتہ ' ی ' | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ مصوتے / مصمتے پہچان سکیں۔<br>'ی' بطور مصوتہ پہچان سکیں۔<br>'ی' بطور، آخری آواز دوسرے حروف سے ملا کر پڑھ اور لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>مصوتہ ا، وکو حروف کے ساتھ ملا کر دوحرفی الفاظ پڑھائے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'ی' کو بطور مصوتہ دوسرے حروف کے ساتھ ملا کر دوحرفی الفاظ بنانا سیکھیں گے۔ 'ی' کی آواز (e) کی ہے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ لفظ کے شروع میں 'ی' کی آواز مختلف ہے جیسے یکہ مگر لفظ کے آخر میں اس کی آواز (e) کی ہے۔ تختہ سیاہ/ سفید پر حروف کو 'ی' سے ملا کر لکھیے۔<br>ای بی پی تی ٹی ثی<br>جی چی حی خی<br>دی ڈی ذی ری ڑی زی ژی<br>سی شی صی ضی طی ظی<br>عی غی فی قی کی گی<br>لی می نی وی ہی یی<br>دوحرفی الفاظ کی پڑھائی کروایئے اور بتایئے کہ 'ی' جب کسی حرف سے ملتی ہے تو تھوڑی سی لمبی آواز دیتی ہے۔ جیسے کہ ای ی ی ی<br>مرکزی سرگرمی<br>بچوں کو حروف کی چھوٹی اشکال اور 'ی' کا spin wheel دیا جائے گا۔ بچوں کو حروف کی آدھی اشکال کو چھوٹی اشکال سے ملا کر پڑھنے کو کہا جائے گا۔ | 5 منٹ<br><br><br><br><br><br><br><br><br><br><br><br>20 منٹ | فلیش کارڈ<br><br><br><br><br>فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا 'ی' بطور مصوتہ پہچان آخری آواز اور حروف کے ساتھ پڑھنے اور لکھنے پر۔ |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | مصوتہ ’ ی ‘ | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| | **نوٹ**<br>Spin wheelطلباءخود تیار کر سکتے ہیں۔<br>بچوں سے کتاب صفحہ 91 کی پڑھائی کرنے کو کہا جائے گا اور آخری آواز پر زور دیا جائے گا۔ بچوں سے کہا جائے گا کہ کتاب صفحہ 92 کھولیے پتوں میں لکھے حروف کو الگ کر کے لکھنا بتائیں۔ جب دوحرفی الفاظ کو الگ کر کے لکھتے ہیں تو حرف کی آدھی شکل ہی لکھتے ہیں۔<br>ب +ی = بی س +ی = سی<br>**نوٹ**<br>جب ہم حروف کو ’ی‘ سے ملاتے ہیں تو حروف لائن سے تھوڑا اوپر ہوا میں لکھے جاتے ہیں۔<br>**اختتامیہ**<br>حروف کو ’ی‘ سے جوڑ کر پڑھنے کی مشق کروایئے۔ | 5منٹ | کتاب صفحہ 92,91 | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | ’ ے ‘ | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ مصوتے / مصمتے پہچان سکیں ’ ے ‘ بطور مصوتہ پہچان سکیں۔<br>’ ے ‘ بطور آخری آواز دوسرے حروف سے ملا کر پڑھ اور لکھ سکیں۔ | **دہرائی:**<br>مصوتہ ا، و، ی کو حروف کے ساتھ ملا کر دو حرفی الفاظ پڑھائے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم ’ ے ‘ کو بطور مصوتہ دوسرے حروف کے ساتھ ملا کر دو حرفی الفاظ بنانا سیکھیں گے۔ ’ ے ‘ کی آواز (a) کی ہے۔ مصوتہ ’ ے ‘ کے فلیش کارڈ باری باری دکھا کر ان کی پڑھائی کروایئے۔<br>بے پے تے ٹے ثے<br>جے چے حے خے<br>دے ڈے ذے رے ڑے زے ژے<br>سے شے صے ضے طے ظے<br>عے غے فے قے کے گے<br>لے مے نے وے ہے یے<br>بچوں کو بتایئے کہ ا، و، ی کی طرح جب ’ ے ‘ بھی کسی حرف سے ملتی ہے تو تھوڑی سی آواز لمبی دیتی ہے۔ بے ے ے ے | 3 منٹ | | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا ’ ے ‘ بطور مصوتہ پہچان آخری آواز اور حروف کے ساتھ ملا کر پڑھنے اور لکھنے پر۔ |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | ’ے‘ | دن: | پانچواں |

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| | **مرکزی سرگرمی**<br>بچوں کو مصوتہ ’ے‘ کے فلیش کارڈ دے کر کہا جائے گا کہ وہ اپنا کارڈ چھپالیں۔اب آپ تختہ سیاہ/سفید پر ج + ے لکھیں گی اور پوچھیں گی کہ ج + ے کو ملا کر جو دو حرفی لفظ بنتا ہے وہ کس کے پاس ہے۔کارڈ اٹھائیں۔بچہ ’ے‘ کی آخری آواز بتائے گا اور ’ے‘ پڑھ کر سنائے گا۔اس طرح تمام حروف کی مشق کی جائے گی۔بچوں کو کتاب صفحہ 93 کی پڑھائی کروائی جائے گی۔<br>بچوں سے کتاب صفحہ 94 کھولنے کو کہا جائے گا۔غباروں میں لکھے حروف کو ’ے‘ سے ملا کر لکھنا بتایا جائے گا۔<br>خ + ے = خے شں + ے = شے<br><br>**نوٹ**<br>چونکہ ’ے‘ لائن کے اوپر لیٹتا ہے اس لیے حروف کو لائن سے تھوڑا اوپر لکھ کر ’ے‘ سے ملایا جاتا ہے۔مثال کے طور پر ’س‘ کو ہوا میں بنایئے۔’س‘ لائن سے تھوڑا اوپر بنایئے پھر ’س‘ کی آدھی شکل جہاں ختم ہو رہی ہے وہاں سے ’ے‘ بنا کر لائن پر لٹایئے۔<br>**اختتامیہ**<br>حروف کو ’ے‘ سے جوڑ کر پڑھنے کی مشق کریں۔ | 20منٹ<br><br><br><br><br><br><br><br><br>5منٹ | مصوتے ’ے‘<br>فلیش کارڈ | |